22085- معين تعداد ميں خريداري كرنے پر فري سروس مہيا كرنا

سوال

بعض سٹوراوردوكاندارا پنے گاہكوں كوكارڈ ديتے ہيں اورجب ايک مقرركردہ تعداد جمع ہوجائے تواسے فري سروس مہيا كى جاتى ہے، مثلاپٹرول پمپ يا پھر گاڑي سروس كرنے والے، اس كا حكم كيا ہے ؟

پسنديدہ جواب

بعض پٹرول پمپ اوراسى طرح بعض تجارتى ادارے اورسپر سٹورا پنے گاہكوں كوہديہ جات مثلا ٹشوپيپريا پھر گاڑي سروس كروانے اورتيل بدلى كروانے كے ليے كارڈ ديتے ہيں، يالانڈري والے كے ليے كچھ رقم پيش كرتے ہيں تاكہ دھلائى كى اصل قيمت ميں كچھ كمى ہو، ميرے ليے تواس معاملہ كے صحيح ہونے ميں كوئى مانع ظاہر نہيں ہوتا اس ليے كہ يہ اپنے حق ميں كچھ كمى كرنا ہے ميري مراديہ ہے كہ پٹرول پمپ يا كارواش اوردوسرے تجارتى سٹوروالے نے اپنے حق ميں سے كچھ چھوڑا ہے، اوريہ جواميں شامل نہيں ہوتا كيونكہ ان تينوں (پٹرول پمپ وغيرہ) كے ساتھ لين دين كرنے والے كوكوئى خسارہ نہيں ہوتا، وہ اس طرح كہ اسے جورقم پيش كى جارہى ہے وہ اسے حاصل ہونے والے مال كے عوض ميں ہے، اوراسے جوانعام مل رہا ہے وہ لين دين كرنے پرابھارنے كے ليے ہے.